ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (653)

06-12-2021

# بہاول پور() پولیس کی گزشتہ 06 ماہ کی کارکردگی کی رپورٹ جاری۔کرائم 06 ماہ میں بتدریج کم ہوا ہے۔70 عدد موٹر سائیکلوں سمیت 04 کروڑ کے قریب مال مسروقہ برآمد، پولیس کے مثبت رویے کی بدولت عوام کے اعتماد میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، کھلی کچہریوں کے بلاتعطل انعقاد سے معزز شہریوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس بہاولپور نے اپنی روایت کو مثبت انداز میں برقرار رکھتے ہوئے گزشتہ 06 ماہ کی کارگزاری کی رپورٹ جاری کی ہے۔جس کے مطابق موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں جو کرنے کا نام نا لے رہی تھیں، نا صرف کم ہوئی ہیں بلکہ گزشتہ 06 ماہ کی نسبت موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں 50 فیصد تک واضح کمی سامنے آئی ہے جس کی وجہ موٹر سائیکل چوروں کے خلاف کی گئیں نا صرف مؤثر کارروائیاں، بلکہ بلانمبری اور غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کے خلاف جاری کمپین بھی ہے۔راہزنی اور چھینا جھپٹی کے واقعات بھی گزشتہ 6 ماہ کی نسبت نا صرف کم ہوئے ہیں، بلکہ 30 اور 40 فیصد تک واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے۔اس واضح کمی کو مزید کم کرنے کے لیے گشت کو مؤثر بنایا جا رہا ہے۔نقب زنی کی وارداتوں میں 06 فیصد اضافہ ہوا ہے۔جس کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھیکری پہرہ، چوکیداری نظام کو فعال اور مؤثر بنایا جا رہا ہے، جس سے اس طرح کے واقعات میں بھی واضح کمی دیکھنے کو نظر آئے گی۔گزشتہ ماہ قتل کے 03 واقعات پیش آئے۔جن کو فوری طور پر ٹریس کرتے ہوئے تمام ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے، جبکہ کرائم پریونشن سٹریٹیجی اور مؤثر گشت کی بدولت اغواء جیسے سنگین واقعات میں بھی واضح کمی آئی ہے۔واضح رہے کہ دیئے گئے تمام اعداد و شمار پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے سرکاری ریکارڈ کے مطابق ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس بہاول پور نے گزشتہ 06 ماہ کے دوران جرائم برخلاف پراپرٹی کے 1143 مقدمات کو ٹریس کرتے ہوئے 9660 ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کے قبضہ سے تقریباً 04 کروڑ کا مال مسروقہ برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کیا گیا۔جبکہ 14 خطرناک گینگز گرفتار کرتے ہوئے 45 ملزمان کو پابند سلاسل کر کے ان کے قبضہ سے 70 عدد موٹر سائیکلز اور تقریباً 37 لاکھ کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔منشیات کے کل 780 مقدمات درج ہوئے۔ملزمان سے 346 کلوگرام چرس، 1135 گرام افیون، 138 کلوگرام بھنگ، 21155 لیٹر شراب، 5859 لیٹر لہن اور 77 چالو بھٹیاں برآمد کی گئیں۔قتل کے 49 مقدمات درج رجسٹر ہوئے جن پر فوری کارروائی کرتے ہوئے 138 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔اشتہاریوں کے خلاف کی گئی کارروائیوں میں کل 1259 اشتہاری مجرمان گرفتار ہوئے، جن میں A کیٹگری کے 98 جبکہ B کیٹگری کے 1161 مجرمان اشتہاری شامل ہیں۔جبکہ 211 عدالتی مفروران جن میں A19 کیٹگری اور B192 کیٹگری کے عدالتی مفروران بھی گرفتار کئے گئے۔پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 137 پیشہ ور بھکاری گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج رجسٹر کئے گئے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ کرائم فگرز بتانے کا مقصد ہر ماہ گزشتہ ماہ کے ساتھ کرائم Analysis کرنا اور اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بناتے ہوئے کمی و کوتاہی کو دور کرنا ہے۔رواں ماہ انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں نارکوپاکٹس اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف جاری 07 روزہ مہم کے ثمرات نظر آ رہے ہیں۔کریک ڈاؤن میں منشیات کے 82 مقدمات درج رجسٹر ہوئے، ملزمان سے 29 کلوگرام چرس، 25 کلوگرام بھنگ، 1616 لیٹر شراب، 250 لیٹر لہن اور 04 چالو بھٹیاں بھی برآمد کی گئیں۔71 پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مقدمات درج رجسٹر کئے گئے۔جبکہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 14 مقدمات درج رجسٹر ہوئے۔اسی طرح 24 مجرمان اشتہاری، 02 عدالتی مفرور اور 02 ٹارگٹ آفینڈرز بھی گرفتار کئے گئے۔منشیات ایک معاشرتی ناسور ہے اور نارکوپاکٹس کمپین میں جہاں جہاں منشیات فروخت ہو رہی ہے، پولیس بھرپور کریک ڈاؤن کر رہی ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے ثمرات بھی نظر آنے لگ گئے ہیں۔ہماری تمام معزز شہریوں سے اپیل ہے کہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے مختلف سوشل میڈیا فورمز کے ذریعہ ڈسٹرکٹ پولیس پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے معلومات فراہم کریں اور اپنا قومی فرض پورا کرتے ہوئے پولیس کی مدد کریں۔ڈسٹرکٹ پولیس بہاول پور شہریوں کی آراء لیتی رہے گی اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھے گی۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (654)

06-10-2021

# بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی رواں ہفتے کے پہلے ورکنگ ڈے کھلی کچہری، 51 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل بیان کیے، شہریوں کی درخواستوں پر بروقت کارروائی اور ازالہ اولین ترجیح ہے، کمی و کوتاہی ہرگز برداشت نہیں، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کرنے کے سلسلہ میں رواں ہفتے پہلے ورکنگ ڈے کھلی کچہری لگائی، جس میں 51 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل بیان کیے۔ڈی پی او نے سائلین سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈکیتی و قتل جیسے سنگین نوعیت کے مقدمات پر روزانہ کی بنیاد پر فالو اپ لیکر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے جاتے ہیں تاکہ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد حقائق پر یکسو کیا جاسکے اور ان مقدمات میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچا کر شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جاسکے، مقدمات کی تفتیش میں میرٹ ہر صورت مقدم رکھا جائے، کسی سے ناانصافی نہیں ہونی چاہیے، متعدد شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ پولیس افسران کو آن کال لیتے ہوئے کمیونٹی پولیسنگ اور انسانیت کے جذبے کے تحت حل کرنے اور متعینہ وقت میں ڈی پی او آفس رپورٹ بھجوانے کے بھی احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈی پی او نے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، درخواستوں پر بروقت کارروائی نہ کرنے والے افسران اپنے آپ کو احتساب کے لیے تیار رکھیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس





بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے،